# قنوت

## قنوت

مسئلہ۳۰۷۔ مستحب ہے کہ تمام واجب اور مستحب نمازوں کی دوسری رکعت میں الحمد اور سورے کے بعد اور رکوع سے پہلے ہاتھوں کو بلند کرے اور دعا پڑھے۔ اس عمل کو قنوت کہتے ہیں۔

مسئلہ۳۰۸۔ نماز جمعہ میں ہر رکعت میں ایک قنوت ہے جو پہلی رکعت میں رکوع سے پہلے اور دوسری رکعت میں رکوع کے بعد ہے۔

مسئلہ۳۰۹۔ عید فطر اور عید قربان کی نماز میں پہلی رکعت میں پانچ اور دوسری رکعت میں چار قنوت ہیں۔

مسئلہ۳۱۰۔ قنوت میں کوئی بھی ذکر، دعا یا قرآن کی آیت پڑھ سکتا ہے حتی کہ ایک صلوات یا سُبْحَانَ اﷲِ یا بِسْمِ اﷲِ یا بِسْمِ اﷲِ الرَّحْمنِ الرَّحیمِ پر بھی اکتفا کرسکتا ہے لیکن بہتر ہے قرآن میں موجود دعائیں پڑھے مثلا رَبَّنا آتِنا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَ فِی الآخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنا عَذابَ النَّار یا معصومین علیہم السلام سے منقول دعائیں اور اذکار پڑھے مثلا لا اِلٰهَ اِلاّ اﷲُ الحَلِیمُ الکریمُ، لا اِلٰهَ اِلاّ اﷲُ العَلِیُّ العَظِیمُ، سُبْحَانَ اﷲِ رَبِّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَ رَبِّ الارَضِینَ السَّبْعِ وَ مَا فِیهِنَّ وَ مَا بَیْنَهُنَّ وَ رَبِّ العَرْشِ العَظِیمِ وَ الحَمْدُ لِلهِ رَبِّ العَالَمینَ.

مسئلہ۳۱۱۔ قنوت میں ہر زبان میں دعا کرنا، استغفار اور حاجت طلب کرنا جائز ہے۔

مسئلہ۳۱۲۔ قنوت کو بلند آواز سے پڑھنا مستحب ہے لیکن نماز جماعت میں اگر امام جماعت ماموم کی آواز سن رہا ہو تو مستحب نہیں ہے۔